2020年5月16日ジャング紙ラホール版1面

یوم علیؓ عقیدت واحترام سے منایا گیا

لاہور، کراچی میں مرکزی جلوس اختتام پذیر

لاہور(وقائع نگار خصوصی، دی نیوز رپورٹ) ملک بھر میں خلیفہ چہارم حضرت علیؓ کا یوم شہادت (یوم علیؓ)21رمضان بروز جمعۃ المبارک کو مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ منایا گیا۔ لاہور اور کراچی میں مرکزی جلوس اختتام پذیر ہوگئے۔ لاہور میں تعزیہ کا مرکزی جلوس قبل از سحری موچی گیٹ سے اپنے مقررہ راستوں اندرون موچی دروازہ، چوہٹہ مفتی باقر، کوتوالی چوک، رنگ محل، پانی والا تالاب، ٹبی سٹی، بازار حکیماں سے ہوتا ہوا سہ پہر تین بجے کربلا گامے شاہ پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ پنجاب حکومت نے یوم علیؓ کے موقع پر ہر قسم کے جلوس پر پابندی عائد کردی تھی تاہم رات کے آخری پہر نیا حکم نامہ جاری کیا جس کے بعد جلوس نکالنے کی مشروط اجازت دیدی گئی۔ سحری سے قبل اور اس کے بعد مظاہرین اور پولیس کے مابین سلسلہ وار جھڑپوں کے بعد لاہور کی ضلعی انتظامیہ اور پنجاب حکومت مرکزی جلوس پر پابندی ختم کرنے پر مجبور ہوگئیں اور اسے مبارک حویلی سے باہر لے جانے کی اجازت دی گئی۔ جمعہ کی صبح موچی گیٹ میں خواتین اور نوجوانوں پر مشتمل گروپوں نے پتھراؤ کیا جس سے ڈولفن فورس کے متعدد پولیس اہلکار سمیت متعدد پولیس اہلکار زخمی ہوئے، جبکہ پولیس کے لاٹھی چارج سے متعدد مظاہرین زخمی ہوگئے۔ ذوالفقار حیدر نے کہا مختلف مذہبی تنظیمیں گذشتہ ایک ماہ سے حکومت علی سے جلوسوں کے سلسلے میں حکومت سے مذاکرات کر رہی ہیں اور حکومت نے ابتدائی طور پر ایس او پیز کی تعمیل میں جلوسوں کی اجازت دینے پر اتفاق کیا تھا۔ کراچی میں یوم علیؓ کے حوالے سے جمعہ کی صبح 7 بجے نشتر پارک میں مرکزی مجلس ہوئی جبکہ مرکزی جلوس 8 بجے پاک حیدری اور بوتراب اسکاؤٹس کے حصار میں نشتر پارک سے اپنے روایتی راستوں سے گزرتے ہوئے کھارادر میں حسینیہ ایرانیاں امام بارگاہ پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔